## سوال

مردار کتنے دن کے بھوک رہنے کے بعد کھانے کی اجازت ھے

## جواب

اضطراری کیفیت کی تحدید۔ ؟ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ مردار کتنے دن کے بھوکے رہنے کے بعد کھانے کی اجازت ہے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد! اس میں شریعت نے نہ تو دنوں کی تحدید کی ہے اور نہ ہی ایسا کرنا ممکن ہے کیونکہ یہ معاملہ ہر فرد کی اپنی طبیعت پر منحصر ہے۔ بعض زیادہ برداشت کر سکتے ہیں تو بعض ذرا کم۔ جب انسان یہ محسوس کرے کہ اگر اس نے مردار نہ کھایا تو اس کی زندگی ختم ہو سکتی تو تب اسے شریعت نے اضطراری حالت میں مردار کھانے کی اجازت دی ہے ،تاکہ وہ اپنی جان بچا سکے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث